DAR-UL-IFTA
SADIQABAD
Alflah Town Sadiqabad Dist: Rahim yar Khan

دارالافتاء صادق آباد
الفلاح ٹاؤن صادق آباد
ضلع رحیم یار خان
Dar-ul-Ifta Sadiqabad

استفتاء

حضرت مفتی صاحب زید اور بکر کا آپس میں اشیاء کی حلّت وحرمت کے بارے میں اختلاف ہے، زید کا کہنا ہے کہ مفتی بہ قول کے مطابق اشیاء کا اصل حکم توقّف ہے اور اپنے مؤقّف پر امام اہلسنت والجماعت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمہ اللہ کی کتاب راہِ سنت کو بطورِ دلیل پیش کرتا ہے، جبکہ بکر کا مؤقّف ہے کہ احناف کے نزدیک اشیاء میں اصل حِلّت ہے اور بکر اپنے مؤقّف پر مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ کی تفسیر معارف القرآن سے دلیل پیش کرتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا زید کا مؤقف درست ہے یا بکر کا؟

مستفتی: شیراز حقّانی

الجواب باسم ملهم الصواب

فقہاءِ احناف کے نزدیک اشیاء میں اصل حلّت ہے یا حرمت اس سے متعلق یہ تفصیل ہے کہ کھانے کی چیزوں میں سے گوشت میں اصل حرمت ہے، جبتک کہ اس کی حلّت پر کوئی دلیلِ شرعی موجود نہ ہو اور کھانے کی بقیہ اشیاء میں اصل حلّت ہے، جبتک کہ اس چیز کی حرمت پر کوئی دلیلِ شرعی موجود نہ ہو، نیز زید جس کتاب کا حوالہ دیتا ہے، اس میں اشیاء سے نہیں بلکہ امورِ تعبدیہ سے بحث کی گئی ہے، لہذا اشیاء کی حلّت وحرمت میں اس سے استدلال کرنا درست نہیں۔

بحوث في قضايا فقهية معاصرة (436/1)

وان هذا الاحكام ترجع الى التنوية بان الحيوان فى اصله مثل الانسان من حيث يوجد فيه الروح والادراك والحواس التى تبعث فيه الراحة والالم ،ومن هذة الجهة ,كان الاصل ان لا يباح للانسان ذبحه واكل لحمه والانتفاع باجزائه .

الشامية (105/1)

مطلب المختار أن الأصل في الأشياء الإباحة: أقول: وصرح في التحرير بأن المختار أن الأصل الإباحة عند الجمهور من الحنفية والشافعية، وتبعه تلميذه العلامة قاسم، وجرى عليه في الهداية من فصل الحداد، وفي الخانية من أوائل الحظر والإباحة.

واللہ اعلم بالصواب

کتبہ: عمار یاسر شاہ عفی عنہ

دارالافتاء: صادق آباد

20/ جمادی الثانی 1441ھ بمطابق 15/ فروری 2020ء

(مہر: دارالافتاء صادق آباد — فتویٰ نمبر 75/7 — مورخہ 1441/6/14)

دستخط: مفتی **محمد ابراہیم** صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
محمد ابراہیم

(مہر: دارالافتاء صادق آباد — مفتی)

دستخط: مفتی **احسن عزیز** صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
احسن عزیز عفی عنہ
(۱۴۴۱ھ)

(مہر: دارالافتاء صادق آباد — نائب مفتی)

دستخط: مفتی **طارق بشیر** صاحب مدظلہ

الجواب صحیح
طارق بشیر عفی عنہ
۱۴۴۱ھ

(مہر: دارالافتاء صادق آباد — نائب مفتی)

Scanned by CamScanner